کوئٹہ (آئی این پی) حکومت پاکستان (ریونیو ڈویژن) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ہمسائیہ ملک ایران کے ساتھ چوتھے آفیشل بارڈر کراسنگ پوائنٹ کوہک چیدگی پنجگور کو نوٹیفائی کردیا ہے اس سلسلے میں گزشتہ روز سیکرٹری) ٹرانزٹ اینڈ بارڈر ٹریڈ (زبیر شاہ کے دستخط سے جاری کئے گئے مراسلہ نمبر C.No.1(3)T&BT/2015-3861-R میں کلکٹریٹ آف کسٹم اپریزمنٹ، کسٹمز ہاس گوادر کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ پاک ایران چوتھے کراسنگ پوائنٹ کوہک چیدگی پنجگور کے سلسلے میں درکار اقدامات اٹھائے اور اس بابت درکار انفراسٹرکچر کیلئے دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ہمراہ اقدامات

بقیہ نمبر 31 صفحہ 5 پر

اٹھا کر پیش رفت رپورٹ پیش کریں۔ دریں اثنا ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے صدر محمد ایوب مریانی، سنیئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ اور نائب صدر انجینئر میر وائس خان کاکڑ نے کوہک چیدگی پنجگور کراسنگ پوائنٹ کو نوٹی فائی کرنے کے اقدام کو صوبے کی بزنس کمیونٹی ایکسپورٹرز اور امپورٹرز کیلئے ہوا کا تازہ جھونکا قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان نے صوبے کے صنعت و تجارت سے وابستہ افراد کے ساتھ کیا ایک اور وعدہ وفا کردیا ہے اس سے صوبے اور پنجگور میں کاروبار کے نئے مواقع میسر آئیں گے اور ہمسایہ ملک ایران کے ساتھ دوطرفہ تجارت مزید مستحکم ہوگی۔ انہوں نے کہا ہے کہ مذکورہ کراسنگ پوائنٹ ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کا دیرینہ مطالبہ رہا ہے بلکہ اس سلسلے میں ہر فورم پر صدائے حق بھی بلند کی جاتی رہی ہے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے مذکورہ کراسنگ پوائنٹ کو نوٹی فائی کئے جانے کے بعد اب دونوں ممالک کے مابین باقاعدہ تجارت بھی شروع ہوگی۔

## لیویز کے 140 ہتھیار اور ایک لاکھ 40 ہزار گولیاں غیر متعلقہ افراد کو دینے کا انکشاف

ضلعی انتظامیہ ژوب نے نوٹس لے لیا، ڈی سی کی مدعیت میں 69 افراد کیخلاف مقدمہ

ژوب (یو این اے) بلوچستان کے ضلع ژوب میں لیویز کے 140 ہتھیاروں اور ایک لاکھ 40 ہزار گولیوں کے غائب ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ یہ اسلحہ اور گولیاں مبینہ طور پر غیر متعلقہ افراد کو دیے گئے ہیں، جس پر ضلعی انتظامیہ نے سخت نوٹس لیا ہے، ڈپٹی کمشنر کی مدعیت میں اس واقعے کے حوالے سے 69 افراد کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ ان نامزد افراد میں حاضر سروس اور ریٹائرڈ

بقیہ نمبر 15 صفحہ 5 پر

افسران کے علاوہ قبائلی عمائدین بھی شامل ہیں۔ واقعے کی تحقیقات جاری ہیں، جبکہ متعلقہ حکام کی جانب سے ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کا عندیہ دیا گیا ہے پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے اب تک 26 کلاشنکوف اور ایک پستول برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ مزید تحقیقات کے دوران ملزمان سے مزید اسلحہ اور گولیاں برآمد ہونے کی توقع ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 13 JAN 2025 Page No. 14


# گوادر کے عوامی مسائل حل کر کے ترقی کا دعویٰ پورا کیا جائے، نیشنل پارٹی

ساحلی شہر میں آل پارٹیز کے 28 روز سے جاری احتجاجی دھرنے کے باوجود علاقے کے مسائل پر توجہ نہیں دی گئی

مقامی ماہی گیروں کا استحصال تسلیم نہیں، سمندر میں طاقت ور قوتوں و حکمرانوں کی مافیاز کو کھلی چھٹی دی گئی، چنگیز حئی بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکریٹری چنگیز حئی بلوچ ایڈووکیٹ نے گوادر میں آل پارٹیز کے 28 روز سے جاری احتجاجی دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گوادر کی ترقی کے نام پر جو گوادر اور بلوچستان کی عوام کا استحصال کیا جا رہا ہے اس سے گوادر کی ترقی اور بلوچستان کی احساس محرومی اب مکمل طور پر واضح ہو چکی کیونکہ ریاست کے ارباب اختیار قوتوں اور مقتدر حکومت ........ بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

کو صرف بلوچستان کے وسائل اور زمین چاہیے گوادر سمیت بلوچستان کی عوام سے ان کا کوئی سروکار نہیں۔ گوادر کی ترقی کا راگ الاپنے والوں کو 28 دن سے جاری عوام اور سیاسی جماعتوں کا احتجاج نظر نہیں آتا اور بڑی بدقسمتی یہ ہے کہ عوام کے احتجاج کو ریاست کی الیکٹرانک میڈیا بھی کوئی کوریج دینے سے قاصر ہے جبکہ کراچی لاہور اسلام آباد میں اگر کسی حکمران طبقے کے کسی شخص کو چھینک آ جائے تو میڈیا کی ہیڈ لائن بن جاتی ہیں انہوں نے کہا کہ گوادر کی ترقی کا حال یہ ہے کہ یہاں کے لوگوں کو بنیادی حقوق اور ضروریات میسر نہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 13 JAN 2025 Page No. 12


## کوئٹہ: غالب روڈ پر نجی کمپنی کے دفتر پر دستی بم حملہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) غالب روڈ پر نامعلوم افراد کا نجی کمپنی کے دفتر پر دستی بم حملہ۔ دفتر کے شیشے ٹوٹ گئے تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

پولیس کے مطابق غالب روڈ پر واقع نجی کمپنی کے دفتر پر نامعلوم افراد دستی بم پھینک کر فرار ہو گئے بم دفتر کے صحن میں گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے شیشے ٹوٹ گئے تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

## بلوچستان میں اغواء کئے گئے مظفر آباد کے 2 افراد بازیاب

مظفر آباد (آئی این پی) اغواء برائے تاوان کے لئے مظفر آباد سے تعلق رکھنے والے 2 افراد بازیاب کرا لئے گئے۔ مغوی فیاض قریشی اور عبدالرحیم 3 ماہ سے زائد عرصہ تک اغواء کاروں کے نرغے میں رہے۔ ان کی رہائی کے لئے اغواء کاروں نے کروڑوں روپے کی ڈیمانڈ کی تھی۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق مظفر آباد ڈویژن سے تعلق رکھنے والے تین افراد میں سے راجہ قیصر کو کچھ روز قبل قتل کر کے نعش ویرانے میں پھینک دی گئی تھی جو آزاد کشمیر سے محنت مزدوری کی غرض سے صوبہ بلوچستان میں رہائش پذیر تھے کو دہشت گردوں نے 3 ماہ قبل اغواء کر لیا تھا۔ انکے ورثاء سے کروڑوں روپے کی ڈیمانڈ کی گئی تھی۔ گزشتہ روز حکام نے مظفر آباد کے دو رہائشی فیاض قریشی اور عبدالرحیم بازیاب کروانے میں کامیابی حاصل کر لی۔

## مچ: مسلح افراد کی فائرنگ سے دو بھائی زخمی

بولان (آن لائن) نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے دو سگے بھائی زخمی ہو گئے جن کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق مچ کے علاقے بوڈیل کے مقام پر مسلح موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے عبدالباری رامیجہ اور اس کے بھائی مشکول رامیجہ کو زخمی کر دیا اور فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس نے اطلاع ملتے ہی زخمیوں کو مچ ہسپتال منتقل کر دیا اور ملزمان کی گرفتاری کیلئے علاقے کی داخلی و خارجی راستوں پر ناکہ بندی کر دی۔ زخمیوں کو مچ ہسپتال میں ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کر دیا گیا۔ پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے۔

## بولان سے اغوا ہونیوالی قبائلی شخصیت سمیت 6 افراد اب تک بازیاب نہ ہو سکے

**مختلف قبائلی عمائدین کی جانب سے کوشش جاری، پولیس نے کارروائی کا پلان تیار کر لیا**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) بولان کے علاقے سے اغوا ہونے والی قبائلی شخصیت سمیت چھ افراد تاحال بازیاب نہ ہو سکے۔ چار روز گزرنے کے بعد بھی پولیس کو کوئی کامیابی حاصل نہ ہو سکی۔ چھ افراد کی بازیابی کے لیے مختلف علاقوں میں کارروائی شروع کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق بولان کے خانواہ میں پولیس تھانہ کی حدود میں قبائلی شخصیت میر سراج احمد جتوئی سمیت چھ افراد کی بازیابی چار روز گزرنے کے بعد بھی عمل میں نہ آ سکی۔ پولیس ذرائع کے مطابق مغویوں کی بازیابی کے لیے مختلف علاقوں میں کارروائی کرنے کا پلان تیار کر لیا گیا ہے جبکہ مختلف قبائلی عمائدین کی جانب سے بھی کوشش جاری ہیں۔

## تربت میں نشے کے عادی بیٹے نے ماں کو بے دردی سے قتل کر دیا

تربت (نامہ نگار) تربت شہر میں نشے کے عادی بیٹے نے اپنی ماں کو بے دردی سے قتل کر دیا عبدالطیف نامی شخص نے سوتے ہوئے اپنی ماں پر چھریوں کے وار کیے، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گئیں پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے قاتل کو گرفتار کر لیا۔

## ژوب میں دستی بم ناکارہ بنا دیا گیا

ژوب (نامہ نگار) ژوب پولیس نے شہری کی اطلاع پر کوئٹہ قومی شاہراہ پر خالی پلاٹ سے دستی بم برآمد کر کے ناکارہ بنا دیا کارروائی ڈی ایس پی سدو خان خروٹی کی سربراہی میں بی ڈی ایس ٹیم نے کی۔

Century Express Quetta

## کوئٹہ، فائرنگ تبادلے میں موٹر سائیکل سنیچرز گروہ کے دو کارندے زخمی حالت میں گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پولیس نے چشمہ اچوزئی میں فائرنگ کے تبادلے کے بعد موٹر سائیکل چھیننے والے گروہ کے دو کارندوں کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل اور اسلحہ قبضے میں لے لیا ایک ساتھی فرار ہو گیا پولیس کے مطابق ایس ایچ او ائیرپورٹ تھانہ عبدالحئی بلوچ دیگر عملے کے ہمراہ گزشتہ شب چشمہ اچوزئی میں چیکنگ کر رہا تھا کہ اسی دوران ایک موٹر سائیکل پر سوار تین مشکوک افراد کو روکنے کا اشارہ کیا تاہم موٹر سائیکل سوار فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے لگے پولیس نے بھی فوری جوابی کارروائی کی جس کے نتیجے میں دو ملزمان زخمی ہو گئے جنہیں (باقی صفحہ 5 نمبر 13)

زخمی حالت میں گرفتار کر کے موٹر سائیکل اسلحہ قبضے میں لے لیا جبکہ ان کا تیسرا ساتھی فرار ہو گیا جس کی گرفتاری کے چھاپے مارے جا رہے ہے پولیس نے بتایا گرفتار ہونے والے ملزمان کا تعلق موٹر سائیکل چھیننے والے گروہ سے ہے قبضے میں لی گئی موٹر سائیکل جناح ٹاؤن کے علاقے سے چھینی گئی تھی۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ میں نجی کمپنی کے دفتر پر دستی بم حملہ، علاقہ کوہ نخ لٹھا نوشکی میں گاڑیوں پر فائرنگ

[illegible]

**دفتر کے شیشے ٹوٹ گئے، کوئی نقصان نہیں ہوا دھماکے کی اطلاع پر مختلف اداروں کی ٹیمیں پہنچ گئیں**

[illegible]

کوئٹہ، نوشکی (سٹی رپورٹر، آن لائن) کوئٹہ میں غالب روڈ پر نامعلوم شرپسندوں کی جانب سے پھینکا جانے والا دستی بم نجی کمپنی صفا کے دفتر کے احاطے میں گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس سے دفتر کے شیشے ٹوٹ گئے تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا پولیس کے ........ بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

مطابق گزشتہ شب غالب روڈ پر واقع نجی کمپنی صفا کے دفتر پر نامعلوم ملزمان دستی بم پھینک کر فرار ہو گئے جو دفتر کے احاطے میں گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس سے دفتر کے شیشے ٹوٹ گئے تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور بم ڈسپوزل اسکواڈ کی ٹیم موقع پر پہنچ گئی

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5 | Dated: 13 JAN 2025 | Page No. 16

## ڈاک اور انام بوستان میں بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے، عوامی حلقے

**10 ماہ سے بجلی کی فراہمی بند ہے، وزیراعلیٰ اور چیف انجینئر کیسکا نوٹس لیں، بیان**

نوشکی (نامہ نگار) گزشتہ 10 ماہ سے پاک افغان بارڈر پر واقع یونین کونسل ڈاک اور انام بوستان کے دو درجن سے زائد دیہات میں بجلی کی عدم فراہمی سے مزکورہ حلقوں کے ہزاروں باشندے مشکلات سے دو چار ہیں دیہات میں معملات زندگی بری طرح متاثر ہورہے ہیں۔ پاک افغان بارڈر پر بسنے والوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے بجائے بجلی آبنوشی کی سہولیات سے محروم کر کے 20 ویں صدی کی زندگی گزارنے پر مجبور کردیا گیا۔ جو عوام کے ساتھ سراسر ظلم، زیادتی اور ناانصافی ہے۔ 10 ماہ سے مزکورہ دیہات کے ہزاروں باشندے بجلی کی عدم فراہمی پر منتخب عوامی نمائندوں سیاسی جماعتوں کی خاموشی اور کیسکو حکام کی عدم توجہی سوالیہ نشان ہے۔ یونین کونسل ڈاک کے چیئرمین میر آزاد خان مینگل، وائس چیئرمین میر منصور احمد مینگل، حاجی عبدالرشید مینگل، میر حیدر خان مینگل اور عوامی حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان کور کمانڈر بلوچستان اور چیف انجینئر کیسکو کی توجہ اس مسئلے کی جانب مبذول کراتے ہوئے مطالبہ کیا کہ پاک افغان بارڈر پر واقع دیہاتوں کو بجلی کی فراہمی کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔

## بسیمہ: ملاوٹ شدہ اور ناقص دودھ کی فروخت، بیماریاں پھیلنے لگیں

**پیٹ درد سمیت معدے کی تکلیف کی شکایتیں عام ہورہی ہیں، عوامی حلقوں کا اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ**

بسیمہ (اسماعیل عاصم، نامہ نگار) بسیمہ میں فوڈ اتھارٹی کا ادارہ نہ ہونے کے باعث دودھ کے نام پر لوگوں کو زہر پلایا جارہا ہے آج تک دودھ کا ٹیسٹ نہیں ہوسکا کہ دودھ میں پانی کے علاوہ کیا کیا چیزیں ملائی جاتی ہیں ناقص دودھ کی چائے پینے اور دودھ پینے سے پیٹ درد سمیت معدے کی تکلیف کی شکایتیں عام ہورہی ہیں دودھ فروش خاص کر موٹر سائیکلوں پر دودھ بیچنے والے بے لگام ہوگئے ہیں ایک گاہک کے مطابق اس نے دودھ کو لکٹو میٹر کے ذریعے چیک کیا تو معلوم ہوا کہ دودھ میں 40 فیصد پانی ملایا گیا ہے دودھ کے نام پر عوام کو آدھے سے زیادہ پانی فروخت کیا جاتا ہے کوئی پوچھنے والا نہیں پلاسٹک تھیلیوں میں آدھا کلو دودھ 200 اس سے اچھی کوالٹی 250 روپے میں فروخت کیا جارہا ہے جبکہ ڈیڑھ لیٹر 300 سے 400 سو روپے میں فروخت کیا جارہا ہے عوامی حلقوں اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

Century Express Quetta

## نواں کلی میں چوروں کا راج، عوام شدید بے چین

**پولیس گشت نہ ہونے کی وجہ سے چور دیدہ دلیری سے وارداتیں کر رہے ہیں**

**اہل علاقہ اور عوام عدم تحفظ کا شکار ہوگئے، تواتر سے پولیس گشت کا مطالبہ**

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے نواں کلی میں چوروں کا راج، گزشتہ دو تین ماہ سے چوری وراہزنی کی وارداتیں عام ہوگئی ہیں، پولیس گشت کا نام ونشان نہیں۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کے علاقے نواں کلی میں گزشتہ دو تین ماہ سے چوری وراہزنی کی وارداتیں عام ہوگئی ہیں، پولیس گشت کا نام ونشان نہیں، حالیہ دنوں میں وارداتیں حد سے بڑھ گئیں گزشتہ دنوں نواں کلی کے علاقے زرغون آباد نیز تھری میں رات کے آخری پہر چوروں نے ایک گاڑی چرانے کی کوشش کی تاہم گاڑی میں ٹریکر نصب ہونے کے باعث چور مذکورہ گاڑی نواں کلی بائی پاس پر ٹریکر کے باعث چھوڑ کر بھاگ نکلنے میں کامیاب ہوگئے، جس کے باعث عوام میں شدید خوف وہراس پایا جاتا ہے، خصوصاً وہ افراد جو رات کے وقت میں اپنی ڈیوٹوں سے گھروں کو لوٹتے ہیں جن میں اخباری کارکن، ہوٹلوں مزدور ودیگر افراد شامل ہیں، واضح رہے نواں کلی، کوتوال، عالمو چوک اور آس پاس کے علاقوں میں چوری چکاری روز کا معمول ہے، خصوصاً "زرغون آباد کا علاقہ جہاں پر پولیس گشت کا نام ونشان نہیں، واضح رہے مذکورہ علاقے میں صوبائی وزیر صحت بخت کاکڑ سمیت، بیوروکریسی میں باموور شخصیات و پولیس کے اہم عہدوں پر فائز ملازمین بھی رہائش پذیر ہیں عوامی حلقوں نے تھانہ زرغون آباد سے مذکورہ علاقوں میں گشت بڑھانے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ شہری سکھ کا سانس لے سکیں۔

INTEKHAB QUETTA

# بلوچستان، شدید سردی میں گیس اور بجلی دونوں کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ

**قلات میں پارہ منفی 5 ڈگری ریکارڈ، بجلی اور گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث صارفین کو مشکلات**

**صوبے کے بیشتر اضلاع میں آج موسم جزوی طور پر ابر آلود رہنے کیساتھ سرد اور خشک رہنے کا امکان، سردی کی لہر برقرار**

کوئٹہ (یواین اے) قلات خون جمادینی والی سردی کی شدت بدستور برقرار گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران سردی کی شدت منفی 5 ڈگری تک ریکارڈ کی گئی ہے، محکمہ موسمیات کے مطابق بقیہ نمبر 35 صفحہ 7 پر

کوئٹہ (آن لائن) علاقائی موسمیاتی مرکز بلوچستان کے مطابق پیر کو صوبے کے بیشتر علاقوں میں موسم جزوی طور پر ابر آلود رہنے کے ساتھ سرد اور خشک جبکہ وسطی اور شمالی علاقوں اور پہاڑی علاقوں میں شدید سرد رہنے کی توقع ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران سب سے کم درجہ حرارت قلات میں (-04.5/12.0) ریکارڈ کیا گیا جبکہ کوئٹہ (شہر 13.5/-03.0)، RMC (-02.5/13.3) بقیہ نمبر 36 صفحہ 5 پر

سردی کی شدت بدستور برقرار ہے۔ قلات میں بجلی کی غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ نے لوگوں کو سخت مشکلات میں مبتلا کر دیا ہے، جبکہ گیس کی مکمل غیابی کے باعث سردی میں مزید مشکلات کا سامنا ہے۔ شہری شدید سردی اور لوڈشیڈنگ کے باعث پریشان ہیں۔

سمنگلی (-02.5/12.5)، سریاب (-2.0/12.0)، ژوب (-1.0/16.0)، پنجگور (0.5/17.5)، نوکنڈی (02.5/19.5)، خضدار (04.0/19.0)، دالبندین (04.0/17.0)، سبی (04.0/29.0)، بارکھان (05.0/19.5)، (08.0/26.0)، پسنی (9.5/27.0)، جیوانی (10.0/26.0)، اورماڑہ (10.0/27.0)، گوادر (10.5/27.0)، اور تربت (13.0/27.0) ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

اداریے، مضامین

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 13 JAN 2025 Page No. 17

## بلوچستان میں بڑی معاشی تبدیلی وفاقی سطح پر بڑے پیکجز کے بغیر ممکن نہیں!

بلوچستان کی تعمیر اور ترقی، عوام کی خوشحالی، فلاح و بہبود سمیت زندگی کی جدید سہولیات سے آراستہ کرنے کے لئے ہنگامی اقدامات کی اشد ضرورت ہے۔ بلوچستان کو وفاقی حکومت کی جانب سے بڑے پیکجز دیئے جائیں تاکہ ترقی کی رفتار تیز ہو جس طرح سے پنجاب اور سندھ میں نئے منصوبوں کا آغاز کیا جارہا ہے جن میں موٹروے، ایکسپریس وے، نوجوانوں کو ہنر مند بنانے، تعلیم، صحت اور نوجوانوں کو آسان اقساط پر قرض کے ذریعے گاڑیوں کی فراہمی، اسکالرشپ، وظیفہ، لیپ ٹاپ کی فراہمی سمیت دیگر اہم منصوبے شامل ہیں۔ اسی طرح بلوچستان پر بھی وفاق خاص توجہ دے کیونکہ بلوچستان میں مسائل بہت زیادہ ہیں۔ پسماندگی اور محرومیوں کے خاتمے سے نوجوانوں میں شاندار مستقبل کی امید پیدا ہوگی جو بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں کلیدی کردار ادا کرسکتی ہے۔ کاروبار کے وسیع تر مواقع پیدا کرنے کے حوالے سے معاشی روڈ میپ بھی ضروری ہے۔ صوبہ بھر میں بڑی شاہراہوں کا نیٹ ورک قائم ہونے سے مستقبل میں بلوچستان ترقی کی نئی راہ پر گامزن ہوگا، لوگ خوشحال ہوں گے۔ ان منصوبوں سے صوبے کے چھوٹے بڑے شہر ایک دوسرے سے جڑ جائیں گے۔ دور افتادہ، دشوار گزار اور پہاڑی علاقے ان شاہراہوں سے منسلک ہوں گے اور وہاں کی آبادی کو نہ صرف سفری سہولت میسر آئے گی بلکہ ان کا بین الصوبائی اور ملک کے بڑے شہروں سے بھی زمینی رابطہ قائم ہوجائے گا۔ بلوچستان کے زرعی اجناس کو ملک کے بڑے شہروں کی منڈیوں تک پہنچانے میں مدد ملے گی جبکہ دیگر کاروبار کے ذرائع پیدا ہونگے۔ بلوچستان میں شاہراہوں کے نیٹ ورک کی کمی سے عوام کو آمد و رفت اور تجارت کے حوالے سے بہت سے مسائل کا سامنا ہے۔ بلوچستان میں شاہراہوں کا نیٹ ورک قائم ہونے سے معاشی خوشحالی آئے گی۔ صوبے کے شہر شہر، قریہ قریہ، دیہات اور وادیوں میں رہائش پذیر عوام کو بڑے شہروں تک بہترین انداز میں رسائی ہوگی۔ شاہراہوں کے نیٹ ورک کے موثر نظام سے تجارتی اور سفری سہولت پیدا ہوگی جس سے تاجر اور عوام مستفید ہونگے بلوچستان حکومت کو بھی مالی حوالے سے فائدہ پہنچے گا جب صوبہ میں تجارتی سرگرمیوں میں تیزی آئے گی تو ریونیو میں اضافہ ہوگا، بلوچستان حکومت اپنی آمدن سے نئے منصوبوں کا آغاز کرسکے گی اس کے ساتھ دیگر بنیادی مسائل کے خاتمے کے حوالے سے بھی حکومت بہترین منصوبے بنائے گی مگر اس کیلئے وفاقی حکومت کا تعاون انتہائی ضروری ہے جو ایک بڑے پیکج سے ممکن ہے جس سے بلوچستان میں ترقی و خوشحالی کا خواب ممکن ہوسکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: [illegible]

Bullet No. 6

Dated: 13 JAN 2025 Page No. 18

# ڈاکٹروں کی ہڑتال!

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر کے سرکاری ہسپتالوں میں ایک عرصے سے گرینڈ ہیلتھ الائنس کی جانب سے صبح 8 سے 11 بجے تک او پی ڈیز میں ہڑتال جاری ہے۔جس کے باعث مریضوں کو بڑی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے کیونکہ او پی ڈیز کا پہلے ہی کم وقت تھا اب وہ مزید کم ہوگیا ہے جس کے باعث مریضوں کی ایک بڑی تعداد چیک اپ کروانے سے محروم رہ جاتی ہے ان میں وہ مریض بھی ہیں جو صوبے کے دور دراز علاقوں سے آتے ہیں۔ہم اپنی ان سطور میں اس سے قبل بھی اس ہڑتال کے بارے میں لکھ چکے ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ اس سلسلے میں خبریں بھی چل رہی ہیں لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ اس اہم ایشو پر کوئی توجہ نہیں دی جا رہی اس کی حکومت کو اور نہ ہی محکمہ صحت کے ارباب اختیار کو کوئی پرواہ نہیں ہے وہ اپنے کاموں میں مگن ہیں لیکن اس کی سزا غریب عوام کو مل رہی ہے جو پرائیویٹ کلینکس اور ہسپتالوں میں بھاری بھرکم فیس دے کر اپنے علاج کروانے سے قاصر ہے گو کہ سرکاری ہسپتالوں میں عوام کو دیگر سہولتیں بھی نہیں مل رہیں جن میں ادویات کی فراہمی ٹیسٹوں کی سہولت شامل ہے نہیں مل رہیں۔صرف ایک او پی ڈیز میں فری چیک اپ اور ہسپتال میں داخلے کی صورت میں ایک بیڈ کی سہولت حاصل ہے۔اب یہ بھی چھینی جا رہی ہے۔

حیرت کی بات یہ ہے کہ محکمہ صحت کے فنڈز میں ہر بجٹ میں اضافہ کیا جاتا ہے لیکن اس کا فائدہ عوام کو نہیں مل رہا اس سلسلے میں گزشتہ حکومتیں اور محکمہ کے اہلکار عوام کو علاج کی سہولتیں پہنچانے کے دعوے کرتی رہیں لیکن اس پر عملی طور پر کوئی اقدام نہیں ہوسکا۔

اب موجودہ حکومت بھی محکمہ صحت کی بہتری اور عوام کو علاج ومعالجہ کی سہولتیں ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کا مسلسل کہہ رہی ہے۔صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ جو پہلی بار اسمبلی میں منتخب ہوکر آئے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ویژن کے مطابق محکمے کی حالت بہتر بنانے کے لیے کوشاں ہیں جو کہ یقیناً ایک اچھی بات ہے لیکن یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت کو عوام کو علاج ومعالجے کی بہتر سہولتوں کی فراہمی کے حوالے سے کئے جانے والے اقدامات کو عملی جامہ پہنانا چاہئے۔ابھی حال ہی میں کوئٹہ کے ایک بڑے سرکاری ہسپتال سول ہسپتال میں ادویات اور دیگر مد میں فنڈز کے گھپلوں کا جو انکشاف ہوا ہے اس کی تحقیقات کر کے اس کے ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کرنی چاہئے کیونکہ افسوس کی بات یہ ہے کہ اس خبر کو چلے کافی دن ہوگئے ہیں لیکن حکومت کی جانب سے اس بارے میں کوئی پیش رفت سامنے نہیں ہوئی جس سے عوام میں مایوسی پائی جاتی ہے۔

امید ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی خود اس اہم معاملے کا نوٹس لے کر اس کی تحقیقات کر کے اس میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ان کو نوکریوں سے برطرف کریں گے تاکہ آئندہ کوئی ایسا کام نہ کرے۔

near mining sites can save l

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Daily: Balochistan Time Quetta
Bullet No. 6
Dated: 13 JAN 2025 Page No. 19

# Improveing infrastructure

Balochistan is a land of immense potential. Yet, beneath its rich tapestry of natural resources lies a harsh reality, crumbling infrastructure that cripples the lives of its citizens. The provincial government's struggle to effectively address this issue is a cause for serious concern. Quetta, the provincial capital, presents a microcosm of the wider problem. Potholed roads snake through the city, hindering movement and business. Erratic electricity supply disrupts daily routines and stifles economic activity. The specter of water scarcity looms large, a constant reminder of inadequate water management systems. Quetta city is the largest city of the province but its roads are in dilapidated condition, traffic issue has worsened, sewerage lines are choked and garbage dumping process has become completely obsolete. These issues are not new. Successive governments have unveiled grand plans and lofty promises. Yet, tangible progress remains elusive. Projects are often plagued by delays, bureaucratic hurdles, and allegations of mismanagement. The optics of neglecting basic infrastructure while pursuing vanity projects further erode public trust. The consequences of this inaction are far-reaching. It discourages investment, hindering economic growth and job creation. It limits access to essential services like education and healthcare. It fuels frustration and a sense of neglect among the people of Balochistan. The path forward demands a paradigm shift. Balochistan needs a comprehensive infrastructure development plan, not piecemeal projects. Transparency and accountability in project execution are paramount. Engaging the private sector through Public-Private Partnerships (PPPs) can unlock much-needed investment. Furthermore, the focus must extend beyond Quetta. Balochistan's smaller cities and rural areas deserve equal attention. Upgrading the road network, improving water management systems, and ensuring reliable electricity supply across the province are crucial steps. The potential benefits of addressing these issues are immense. A robust infrastructure network would unlock Balochistan's economic potential, creating jobs and attracting investment . The time for rhetoric is over. Balochistan's government must demonstrate a genuine commitment to infrastructure development. The future prosperity and well-being of the province hinge on addressing this critical challenge. Only then can Balochistan's dreams be built on a solid foundation, not on the crumbling remains of unfulfilled promises. Now it is an opportunity for the incumbent Balochistan government led by Mir Sarfaraz Bugti and his cabinet to exhibit their talent and strive hard to improve the condition of Quetta city as well as other cities of the province. The misuse of funds and mismanagement should be stopped as people of the province could afford this thing anymore.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No 6

Dated 13 JAN 2025 Page No. 2

P-1

# Lives in Mining Sector

The lives of miners in Balochistan should not be an afterthought in discussions about the province's mineral wealth. The Sanjidi tragedy should serve as a catalyst for change, prompting stakeholders from the government to mining corporations and civil society to prioritize the safety and rights of workers. The time for action has come. The government must not only make promises but follow through with concrete initiatives that protect those who risk their lives daily in the mines. We must create an environment where extracting resources does not come at the cost of human lives. Let us ensure it becomes a place of safety, dignity, and prosperity for all its people. By implementing international mining standards and prioritizing the lives of its workers, we can transform the province from a tale of tragedy to one of triumph. In doing so, we honor the memory of those who have perished and pave the way for a safer, fairer, and more prosperous future. If serious about harnessing its mineral wealth while safeguarding the lives of those who extract it, immediate reforms are necessary. The government must enact robust safety regulations that meet international standards and ensure they are strictly enforced. This includes protocols for ventilation, gas monitoring, and emergency response preparedness.

Upgrading equipment and technology used in mines from mining machinery to rescue tools is crucial. Modern technology can help in two ways: it can improve efficiency while also minimizing the risks faced by miners. Ensuring that not only miners but also management and rescue teams receive regular training is essential. Proper drills, emergency response training, and safety workshops can create a culture that prioritizes safety over mere profit. Empowering unions and labor organizations is imperative for ensuring miners have a say in their working conditions. The government must allow workers to organize freely and engage in collective bargaining without fear of retaliation. Local communities must be involved in decision-making processes related to mining activities. This includes sharing the benefits derived from resource extraction financial compensation, healthcare provisions, and infrastructure development should be prioritized. Establishing independent bodies to monitor mining operations can help ensure compliance with safety regulations. These bodies should be empowered to impose penalties on companies that violate laws and standards. Establishing medical facilities and quick-response rescue teams near mining sites can save lives in the event of an accident.

Investment in infrastructure that facilitates timely medical care is a moral and practical imperative.

The Sanjidi mine disaster is a grim reminder of the human cost associated with the mining industry in Balochistan. This incident, like many others, raises alarms about the safety conditions within mines across the province. Reports suggest that basic safety measures, such as proper ventilation systems to prevent dangerous gas build-up, are often absent. The mining infrastructure is outdated, and rescue operations are poorly coordinated, leading to tragic outcomes that could be avoided. The mine workers, often from impoverished families, have little choice but to work in these hazardous conditions. They face the daily threat of accidents, health hazards from dust and exposure to toxic substances, and a lack of basic rights and protections. The absence of strong labor unions has further exacerbated their vulnerability. For many, the tragic fate of miners is not merely a news headline but a reality of life one where their contributions are exploited and their lives undervalued. Balochistan is home to some of the largest mineral deposits in Pakistan. The Reko Diq copper-gold project is a prominent example, touted to hold one of the largest undeveloped copper-gold deposits globally. Similarly, the province has significant deposits of limestone, which are crucial for cement production, and coal reserves that are vital for energy generation. With the right management and investment, these resources could catalyze economic development, create thousands of jobs, and provide energy security not just for Balochistan but for the entire nation.

Extraction of these resources has often been plagued by corruption, mismanagement, and substandard practices. Local communities have freq ntly been sidelined, and profits do not trickle down to the peo e whose lands are being exploited. Instead, the coal and mineral wealth has primarily enriched a few mine owners and corrupt officials, perpetuating a cycle of poverty and inequality in the region. Balochistan, enriched with an abundance of natural resources, is a paradox of wealth and poverty. It is endowed with vast deposits of minerals, including coal, copper, gold, and natural gas, yet it remains one of the most underdeveloped an ' marginalized areas in Pakistan. The recent collapse of the Sanjidi coal mine, which left one miner dead and eleven others trapped, starkly illustrates the perilous conditions under which workers operate in this region. Beyond the individual tragedies, such incidents highlight a systemic issue that prioritizes profits over human lives and the urgent need for reform in Balochistan's mining sector.

